بانئ پاکستان قائداعظمؒ نے فرمایا: میرے پیغام کا خلاصہ یہ ہے کہ
ہر مسلمان کو دیانت داری، خلوص اور بے غرضی سے
پاکستان کی خدمت کر لینی چاہیے۔



# جناب عبداللہ سنبل چیئرمین P&D کی خدمات قابل تحسین ہیں

اعلیٰ سرکاری افسران ملک وقوم کیلئے اثاثہ کی مانند ہیں انہی لوگوں ملک کے انتظامی امور کو چلانا ہوتا ہے انہی لوگوں نے جمہوری نظام میں منتخب نمائندوں کی معاونت کے فرائض سرانجام دینے ہوتے ہیں انہی لوگوں کے متعلق بانی پاکستان اپنی مختلف تقاریر میں واضع کیا کہ آپ لوگ ریاست کے ملازم ہیں اور آپ لوگوں نے آئین و دستور کے مطابق انتظامی معاملات کو چلانا ہے اور فرمان قائداعظم کو مشعل راہ بنانے والے سرکاری ملازمین وقوم کیلئے قابل فخر ہیں ایسے سرکاری افسران ایک ایسی شخصیت جو کہ نہ صرف اعلی تعلیمیافتہ اور تجربہ کار ہیں بلکہ انتہائی ملنسار بھی ہیں اس خوبصورت شخصیت کو جناب عبداللہ سنبل کہتے ہیں جناب عبداللہ سنبل کمشنر لاہور ڈویژن، سیکرٹری اطلاعات پنجاب سمیت دیگر اعلیٰ عہدوں پر اپنے فرائض نہائیت خوش اسلوبی سے سرانجام دے چکے ہیں اور پنجاب حکومت نے انکی کارکردگی کو سراہاتے ہوئے چند برس قبل انہیں پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ پنجاب میں بطور چیئرمین تقرری کی انہوں نے اس تقرری کے بعد ادارے کی تنظیم نو کرتے ہوئے اس کو نئے خطوط پر استوار کر دیا اور ضرورت کے مطابق ترقیاتی منصوبہ بندی کے عمل کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کیلئے مختلف شعبوں میں نئے یونٹ بھی قائم کئے جو کہ انتہائی کامیابی کے ساتھ ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہیں ان یونٹس میں سیاحت کے حوالے سے PUNJAB TOURISM FOR ECONOMIC GROWTH PROJECT کہتے ہیں اور یہ ادارہ انتہائی پرامن انداز سے سیاحتی مقامات کی حالت زار کو بہتر بنانے اور انکی جدید انداز میں تزنین و آرائش کے منصوبہ پر عمل پیرا ہے جناب سنبل نے ایک انتہائی تجربہ کار شخصیت کو اس ادارے کا پراجیکٹ ڈائریکٹر مقرر کیا اس خوبصورت شخصیت کو جناب وقاص ملک کہتے ہیں جو کہ شب وروز اپنے پراجیکٹ کی تکمیل میں مصروف ہیں اس ضمن میں جناب عبداللہ سنبل اور جناب وقاص ملک کی خدمات قابل تحسین ہیں۔